**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

# آئیسکو ریجن میں کسی کو بھی بجلی چوری نہیں کرنے دیں گے۔

## انسداد بجلی چوری مہم اکتوبر 2025،ایک کروڑ 36لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

## 42 بجلی چور گرفتار متعدد کنکشنز منقطع کیے گئے۔

## چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا ہے کہ بجلی چور نہ صرف پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں ایک بڑی رکاوٹ ہیں بلکہ بجلی چوری کا بل عام صارف کو ادا کرنا پڑتا ہے۔جس کی آئیسکو ہرگز اجازت نہیں دے گا اور اس سلسلے میں تمام آپریشن سرکلز اسلام آباد، راولپنڈی کینٹ، راولپنڈی سٹی، اٹک، جہلم، چکوال اور گردونواح میں انسداد بجلی چوری مہم پولیس اور دیگر لاء انفورسمنٹ اداروں کے تعاون سے کامیابی سے جاری ہے۔انجینئر چوہدری خالد محمود چیف ایگزیکٹو نے بتایا کہ ماہِ اکتوبر 2025 کے دوران ہماری ٹیموں نے 94 ہزار سے زائد بجلی کے میٹرز چیک کیے جن میں سے 142 میٹرز سے بجلی کا ڈائریکٹ استعمال کیا جا رہا تھا جبکہ 16 میٹرز ٹمپرڈ پائے گئے مجموعی طور پر 158 بجلی چوروں کو 1 کروڑ 36 لاکھ سے زائد کے جرمانے کئے گئے اور 42 بجلی چوروں کو اس قومی اور غیر اخلاقی جرم میں پولیس نے گرفتار کیا۔متعلقہ بجلی کنکشنز منقطع کر دیئے گئے۔آئیسکو چیف نے فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات جاری کیں کہ وہ یک جان ہو کر بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کریک ڈاؤن جاری رکھیں انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہم کسی کو بھی بجلی چوری نہیں کرنے دیں گے اور بجلی چوری کے ناسور کا ہر صورت خاتمہ کر کے ہی دم لیں گے کیونکہ روشن اور خوشحال پاکستان کا خواب اس ناسور کے خاتمے سے ہی ممکن ہو گا۔

پریس ریلیز نمبر:09-11/2025